صدیقی نے اپنے والد کے حاشیے کو قدرے اجمال واختصار کے ساتھ اردو میں منتقل کردیا' صدیقی صاحب نے ترجمہ اتنے خوش اسلوبی اور روانگی سے کیا کہ معاصر اردو تراجم مقامات پر سبقت لے گئے' اور کمال کی بات یہ کہ تمام تحقیقی کام طالب علمی کے زمانے میں انجام پایا۔ کتاب کی ثقاہت کے لئے جامعہ ملیہ کے پروفیسر' علامہ عبیداللہ سندھیؒ کے علمی فکری جانشین سید سرور حسین صاحب کا یہ تاریخی جملہ کافی ہے' جنہوں نے مؤلف مترجم کو خط میں لکھا: ''برخوردار ! تم نے سلف کو شرمندہ کیا اور خلف کیلئے راستہ بند کردیا'' مفتی اعظم محمد شفیع صاحبؒ اور مولانا ادریس کاندھلویؒ کے تقاریظ سے مزین یہ شرح آپ مکتبہ زمزم نزد مقدس مسجد کراچی سے طلب کرسکتے ہیں۔

کتاب: النحو الیسیر تعریب نحومیر	تعریب: مولانا محمد فاروق حسن زئی

ضخامت: ۲۴۷	ناشر: زمزم پبلشرز 'قیمت ۲۰۰ روپے

علوم عربیہ میں علم النحو کو بنیادی حیثیت حاصل ہے' یہی وجہ ہے کہ مدارس عربیہ میں اساتذہ کرام اور طلباء کی اولین ترجیح علم نحو کو ہوتی ہے۔ اس فن کی اہمیت اور وسعت کی بناء پر متقدمین' متاخرین میں سے بہت سے اصحاب قلم وتحقیق نے طبع آزمائی کی۔ اور انتہائی اعلیٰ علمی اور تحقیقی کتابیں تصنیف کیں' اور تاحال یہ سلسلہ جاری ہے۔ لیکن مدارس اسلامیہ میں علم النحو کی ابتداء سید شریف جرجانی کی شہرۂ آفاق کتاب ''نحومیر'' سے ہوتی ہے جو دراصل فارسی زبان میں ہے' افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ فارسی زبان سے طلباء کا ذوق دن بدن گھٹتا جارہا ہے' جس کی بناء پر طلباء علم نحو اس سے کما حقہ استفادہ نہیں کرسکتے' اسی ضرورت کے پیش نظر زیر تبصرہ کتاب ''النحو الیسیر تعریب وتسہیل نحومیر'' تالیف کی گئی۔ جسے انتہائی سلیس اور عام فہم انداز میں مولانا فاروق حسن زئی نے عربی جامہ پہنایا ہے' اسکے علاوہ مولوی سید عبدالرشید صاحب نے کتاب کو دروس میں تقسیم کرکے' ہر درس کے بعد سوالات اور مشقوں کا اضافہ کرکے مزید چار چاند لگادیئے' ہر درس کا عنوان' اجراء کیلئے متعلقہ آیات واحادیث اور عربی جملوں کا استعمال' املاء وترقیم کا لحاظ کرنے کیساتھ انتہائی سہل انداز میں مرتب کیا ہے' جس سے صرف طلباء ہی نہیں بلکہ عربی سے معمولی شد بد رکھنے عوام الناس بھی استفادہ کرسکتے ہیں۔

معروف عربی ادیب مولانا ولی خان المظفر کے وقیع مقدمے پر مشتمل یہ علمی تحفہ آپ زمزم پبلشرز نزد مقدس مسجد کراچی سے طلب کرسکتے ہیں۔ (021-32729089)

اظہار تشکر

مکتبہ البشریٰ کراچی کی طرف سے مختصر کتابچے علیکم بسنتی' آسان نماز' نورانی قاعدہ وغیرہ' جبکہ مبین ٹرسٹ اسلام آباد کی طرف سے چند کتابچے خیر المعالج' پنج سورہ وغیرہ موصول ہوئے' ادارہ دونوں کا شکر گزار ہے۔